**07/07/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  مشاہد حسین سے خبریں سُنئے**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف پابندیاں لگانے میں کوئی بھی ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت پسندی کے متاثرین اور حمایتیوں کو ایک ہی پیمانے پر نہیں تولا جا سکتا۔برازیل کے شہر Rio De Janeiro میں برکس سربراہی اجلاس میں امن اور سلامتی پر سیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی آج انسانیت کے لئے سب سے سنگین چیلنج بن کر ابھری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 22 اپریل کو پہلگام حملہ بھارت کی روح، شناخت اور وقار پر براہ راست حملہ تھا۔اجلاس کے دوران وزیر اعظم نے ایک نئے ورلڈ آرڈر کے لئے عالمی اداروں میں اصلاحات کرنے پر بھی زور دیا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایسے اقدام نہ صرف علامتی ہونے چاہئے بلکہ ان کے اثر ات نمایاں ہونے چاہئےں ۔ اس دوران ایک اہم پیش رفت کے تحت برکس سربراہ اجلاس کے اعلامیہ مینپہلگام حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔**

**کانفرنس**

**سرینگر میں سیاحتی سیکریٹریوں کی اپنی نوعیت کی پہلی دو SKICC جمونو کشمیر آج سے روزہ قومی کانفرنس کی میزبانی کر رہا ہے۔ کانفرنس میں سیاحت کے مرکزی وزیر کے علاوہ ملک بھر سے ٹور ازم سیکریٹریز اور دیگر اعلیٰ آفیسر شرکت کررہے ہیں۔ کانفرنس میں جموں وکشمیر میں سیاحتی سیکٹر کو فروغ دینے کے امکانات تلاش کئے جائیں گے۔**

**لیفٹنٹ گورنر**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ڈاکٹر سیاما پرساد مکرجی جدید بھارت کے ایک بڑے مفکر تھے جنہوں نے پوری زندگی کے دوران ایک متحد بھارت کے لئے کام کیا اور جموں کشمیر کو بھارت کے ساتھ ملانے میں اپنی زندگی تک قربان کر دی ۔ سرینگر کے ٹیگور ہال میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے آنجہانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ۔**

--------

تقریب پر جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی کے علاوہ کئی معزز شخصیات بھی موجود تھیں ۔

ملاقات LG

جے اینڈ کے وومن لائرس ایسوسی ایشن کی صدر ایڈووکیٹ حنا سلطان نے راج بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ بارہمولہ سپورٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کرکے ضلع میں کھیلوں کے انفراسٹرکچر کی ترقی سے متعلق مختلف امور ایل جی کی نوٹس میں لائے ۔

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جا ری ہے۔ گذشتہ چار روز کے دوران تقریباً 70 ہزار یاتری پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کر چکے ہیں۔ اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 373 گاڑیوں میں سوار مزید 8 ہزار 605 یاتریونکا قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ہے ۔ اِدھر گاندربل سے ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ آج صبح آٹھ بجے تک تقریباً دس ہزار یاتری بال تل سے پوتر گھپا کی طرف روانہ ہوئے ۔

عاشورہ

عاشورہ کے سلسلے میں وادی بھر میں منعقدہ خصوصی تقریبات کے دوران شہدائے کربلا کو شاندار خراج عقیدت پیش کیاگیا ۔ ڈی ڈی سی چیر پرسن کولگام محمد افضل پرے اور ڈی سی کولگام اطہر عامر خان نے شاہو سُچن میں ماتمی جلوس میں شرکت کی ۔ ڈی سی بانڈی پورہ منظور احمد قادری سمبل میں برآمد ہوئے عزاداری کے جلوس میں شامل ہوئے ۔

ایڈوائزری

وادی میں بڑھتے درجہ حرارت کے نتیجے میں زراعت اور اس سے منسلک شعبے کافی متاثر ہوئے ہیں ۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے ڈائریکٹوریٹ آف ایکسٹنشن نے کسانوں کے لئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے ۔ یونیورسٹی کی ڈائریکٹر ایکسٹنشن پروفیسر ریحانہ حبیب کنٹھ نے ایڈوائزری کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ